وزیراعظم کی یوکرین کے صدر سے ملاقات

20 مئی 2023

وزیر اعظم نریندر مودی نے 20 مئی 2023 کو ہیروشیما میں G-7 سربراہی اجلاس کے موقع پر یوکرین کے صدر جناب ولادیمیر زیلنسکی سے ملاقات کی۔

2۔ وزیر اعظم نے اپنے اس خیال کا اظہار کیا کہ یوکرین میں تنازعہ نے پوری دنیا پر نمایاں اثر ڈالا ہے۔ تاہم انہوں نے زور دے کر کہا کہ ان کے لیے یہ سیاسی یا معاشی مسئلہ نہیں ہے بلکہ انسانیت، انسانی اقدار کا مسئلہ ہے۔

3۔ وزیر اعظم نے ہندوستانی طلباء کے محفوظ انخلاء میں یوکرین کے تعاون کی تعریف کی اور یوکرین کے اداروں کی طرف سے طلباء کے لئے ہندوستان میں امتحان منعقد کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا۔

4۔ وزیر اعظم نے آگے بڑھنے کا راستہ تلاش کرنے کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کے لیے ہندوستان کی واضح حمایت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صورتحال کے حل کے لیے ہندوستان اور وزیر اعظم ذاتی طور پر اپنے وسائل کے اندر سب کچھ کریں گے۔

5۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان یوکرین کے لوگوں کو انسانی امداد فراہم کرتا رہے گا۔

6۔ صدر زیلنسکی نے وزیر اعظم کو یوکرین کی موجودہ صورتحال سے آگاہ کیا۔

7۔ دونوں فریقوں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

ہیروشیما

مئی 2023 20